عمومی ہدایات

- آپ اپنے حوالے سے کتنے ہی پُر اعتماد کیوں نہ ہوں ہر باب کو پڑھانے سے پہلے، اس باب سے متعلقہ رہنمائے اساتذہ میں دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ ضرور کیجیے اور پڑھاتے ہوئے انہیں مد نظر رکھیے۔
- اسی طرح ہر باب کو پڑھانے سے پہلے، آپ خود باب کا تفصیلی مطالعہ کیجیے اور ان میں دی گئی تمام معلومات اور استعمال کی گئی اصطلاحات پر مکمل عبور حاصل کیجیے۔
- ہر باب اپنی جگہ مکمل اور واضح ہے جو موسمیاتی تبدیلی کے کسی خاص پہلو کا احاطہ کرتا ہے یا اس سے جڑے ہوئے کسی معاملے پر معلومات فراہم کرتا ہے۔ ضرورت محسوس ہونے پر البتہ کسی متعلقہ شخص یا انٹرنیٹ سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب میں دیے گئے اخلاقی اسباق کو خود بھی سمجھیے اور بچوں کو بھی سمجھائیے۔ ایسے اسباق غیر محسوس طریقہ سے بچوں کو اخلاقیات کا درس دینے کے لیے کتاب میں جا بجا شامل کیے گئے ہیں۔
- عملی کام پر خاص توجہ دیجیے تاکہ طلبہ میں موسمیاتی تبدیلی کے حوالہ سے ایک خاص رویے کو فروغ دیا جاسکے۔
- اردو کے نئے الفاظ سے بھی آگاہ کروائیں اور ان کا استعمال سکھائیں۔ ہو سکے تو ہر باب میں آنے والے نئے الفاظ کی کاپی میں فہرست مرتب کروایئے۔
- پڑھاتے ہوئے محض خود بات مت کیجیے۔ جس قدر ممکن ہو بچوں کو شریک گفتگو کروایئے، اور ان میں بحث و مباحثہ کی حوصلہ افزائی کیجیے۔